| Centre No. | | | | | | Paper Reference | | | | | | | Surname | Initial(s) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Candidate No. | | | | | | 1 | 9 | 0 | 1 | / | 3 | H | Signature | |

Paper Reference(s)

**1901/3H**

# Edexcel GCSE

## Urdu

Paper 3H – Reading and Responding

# Higher Tier

Monday 17 May 2010 – Morning

Time: 1 hour

Examiner's use only

Team Leader's use only

| Question Number | Leave Blank |
|---|---|
| 1 | |
| 2 | |
| 3 | |
| 4 | |
| 5 | |
| 6 | |
| 7 | |
| 8 | |
| Total | |

| Materials required for examination | Items included with question papers |
|---|---|
| Nil | Nil |

### Instructions to Candidates

In the boxes above, write your centre number, candidate number, your surname, initial(s) and signature. The paper reference is shown above.
Answer ALL questions in the spaces provided in this question paper.
Do not use pencil. Use blue or black ink.
Some questions must be answered with a cross in a box (☒). If you change your mind about an answer, put a line through the box (☒) and then mark your new answer with a cross (☒).
You must answer in the same language as the question. You need not write in complete sentences.
Turn over to the next page **when you are told to do so**.

### Information for Candidates

You may **NOT** use a dictionary.
The marks for the individual questions and parts of questions are shown in round brackets: e.g. **(2)**.
There are 20 pages in this question paper. Any blank pages are indicated.
There are 8 questions in this question paper. The total mark for this paper is **50**.

### Advice to Candidates

You are reminded of the importance of clear and orderly presentation in your answers.

This publication may be reproduced only in accordance with Edexcel Limited copyright policy.
©2010 Edexcel Limited.

Printer's Log No.
N36693A
W850/T1901/57570 4/4/4/4/4/4/
N 3 6 6 9 3 A 0 1 2 0

*Turn over*

edexcel
advancing learning, changing lives

**BLANK PAGE**

Leave blank

# مستقبل کے بارے میں

سوال نمبر 1: عامر اپنے مستقبل کے بارے میں بتا رہا ہے۔

میرے ماں باپ چاہتے ہیں کہ میں ڈاکٹر بنوں۔ میں اُن کا بہت احترام کرتا ہوں لیکن اپنے شوق کا کیا کروں۔ مجھے بچپن ہی سے جہاز اُڑانے کا اور مختلف ملکوں کو دیکھنے کا شوق ہے۔ پچھلے سال میں ہوائی جہازوں کی نمائش دیکھنے گیا تھا جس سے میرا ارادہ اور بھی پکّا ہو گیا۔ یہ اور بات ہے کہ ابھی میرے پائلٹ بننے میں بہت وقت لگے گا۔ کیونکہ ابھی تو میں صرف دسویں سال میں پڑھتا ہوں۔

مندرجہ ذیل جملوں میں سے پانچ (5) صحیح جملوں کے سامنے ( ☒ ) کا نشان لگایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| مثال: | عامر کے والدین اُسے ڈاکٹر بنانا چاہتے ہیں۔ | ☒ |
| (i) | اُسے بیماروں کی دیکھ بھال کا شوق ہے۔ | ☒ |
| (ii) | وہ والدین کی خواہش پوری نہیں کر سکتا۔ | ☒ |
| (iii) | وہ پائلٹ بننا چاہتا ہے۔ | ☒ |
| (iv) | عامر بڑا ہو کر ڈاکٹر بنے گا۔ | ☒ |
| (v) | وہ جلد پائلٹ بن جائے گا۔ | ☒ |
| (vi) | اسے گھومنے پھرنے کا شوق نہیں ہے۔ | ☒ |
| (vii) | عامر کالج میں پڑھتا ہے۔ | ☒ |
| (viii) | وہ دنیا کی سیر کرنا چاہتا ہے۔ | ☒ |
| (ix) | اُسے اپنا شوق پورا کرنے کے لیے انتظار کرنا ہوگا۔ | ☒ |
| (x) | وہ دسویں سال کا طالب علم ہے۔ | ☒ |

Q1

**(Total 5 marks)**

Leave blank

# دوسروں کے کام آنا

سوال نمبر 2: اِس عبارت کو پڑھیے۔

احمد ہفتے کے دن اپنے ابّو کی گاڑی دھوتا ہے۔ وہ یہ کام ابّو کو خوش کرنے کے لیے نہیں بلکہ اُن سے پیسے لینے کے لیے کرتا ہے۔ اُسے فلم دیکھنے کا بہت شوق ہے اور ان پیسوں سے وہ اپنے دوستوں کے ساتھ سینما جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اسے گھر کے دوسرے کاموں میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ امّی اُسے گھر کے کسی کام کے لیے نہیں کہتیں کیونکہ وہ گھر میں سب سے چھوٹا ہے۔ وہ کبھی کبھی امّی کے ساتھ خریداری کے لیے چلا جاتا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ وہ زیادہ تر اپنی پسند کی چیزیں خرید لیتا ہے۔ وہ اپنے چھوٹے ہونے کا اس طرح سے فائدہ اٹھاتا ہے کہ اپنے کمرے کی صفائی اپنی بڑی بہن سے کراتا ہے۔

Leave blank

سوال نمبر 2: سامنے کے صفحے کو پڑھ کر صحیح خانوں میں نشان ( ☒ ) لگائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مثال: احمد ابّو کی گاڑی | A | ہر روز صاف کرتا ہے | ☐ |
| | B | ہفتے کے روز صاف کرتا ہے | ☒ |
| | C | کبھی کبھی صاف کرتا ہے | ☐ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) وہ یہ کام | A | ابّو کی خوشی کے لیے کرتا ہے | ☐ |
| | B | اپنی خوشی کے لیے کرتا ہے | ☐ |
| | C | پیسوں کی لیے کرتا ہے | ☐ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| (ii) احمد گھر میں | A | سب سے چھوٹا ہے | ☐ |
| | B | سب سے بڑا ہے | ☐ |
| | C | اکلوتا ہے | ☐ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| (iii) وہ ان پیسوں سے | A | کتابیں خرید تا ہے | ☐ |
| | B | فلم دیکھتا ہے | ☐ |
| | C | کپڑے خرید تا ہے | ☐ |

Leave blank

| | | | |
|---|---|---|---|
| (iv) وہ گھر کے دوسرے کام | A | شوق سے کرتا ہے | ☐ |
| | B | کبھی کبھی کرتا ہے | ☐ |
| | C | بالکل نہیں کرتا | ☐ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| (v) احمد اپنے کمرے کی صفائی | A | خود کرتا ہے | ☐ |
| | B | بہن سے کراتا ہے | ☐ |
| | C | امّی سے کراتا ہے | ☐ |

Q2

**(Total 5 marks)**



N 3 6 6 9 3 A 0 6 2 0

# سالگرہ

سوال نمبر 3: اِس عبارت کو پڑھیے۔

میرا نام شازیہ ہے۔ میں پندرہ سال کی ہوگئی ہوں۔ پچھلے ہفتے میری سالگرہ تھی۔ میں ہر سال اپنی سالگرہ مناتی ہوں۔ مجھے سالگرہ میں کیک کاٹنا اچھا لگتا ہے۔ اُس وقت سب مبارک باد اور لمبی عمر کی دُعائیں دیتے ہیں جن سے مجھے بہت خوشی ہوتی ہے۔ میں اپنے تحفے سنبھال کر رکھتی ہوں۔ سونے کی وہ بالیاں میں نے بہت حفاظت سے رکھی ہوئی ہیں جو دادی نے میری دسویں سالگرہ پر دی تھیں۔

**اوپر دی گئی عبارت کو پڑھ کر مندرجہ ذیل جملوں کو دیے گئے الفاظ کی مدد سے مکمل کیجیے۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دس | ربن | ہر سال | ناپسند | سونے | پندرہ |
| چاندی | پسند | کیک | بُری طرح | احتیاط | |

مثال: شازیہ ......پندرہ...... سال کی ہوگئی ہے۔

(i) وہ اپنی سالگرہ .................................................. مناتی ہے۔

(ii) اُسے .................................................. کاٹنا بہت پسند ہے۔

(iii) شازیہ کو دعائیں بہت .................................................. ہیں۔

(iv) شازیہ نے تحفے .................................................. سے رکھے ہوئے ہیں۔

(v) اُس کی دادی نے اُسے .................................................. کی بالیاں دی تھیں۔

Q3

**(Total 5 marks)**



N 3 6 6 9 3 A 0 7 2 0

Leave blank

# سیر و سیاحت

سوال نمبر 4: اس عبارت کو پڑھیے۔

راشدہ: میں کبھی ملک سے باہر نہیں گئی۔ میں افریقہ جانا چاہتی ہوں کیونکہ مجھے جنگلی جانور دیکھنے کا بہت شوق ہے۔

کامران: میں نے کچھ مُلکوں کی سیر تو کی ہے لیکن ابھی تک امریکہ اور کینیڈا نہیں گیا۔ اِس سال میرا ارادہ وہاں جانے کا ہے۔

فرح: میں پاکستان تو کئی مرتبہ گئی ہوں لیکن ہندوستان دیکھنے کی آرزو ہے۔ میرے ابّا نے وعدہ کیا ہے کہ وہ ہمیں اس سال وہاں ضرور لے جائیں گے۔

علی: مجھے جاپان جانے کا شوق ہے۔ میں نے ایک رسالے میں پڑھا ہے کہ وہاں کی عمارتیں اور باغات بہت خوبصورت ہیں۔

سیما: میں تو چاند کا سفر کرنا چاہتی ہوں تا کہ اُوپر سے ساری دُنیا دیکھ سکوں۔

عادل: مجھے لگتا ہے کہ امتحان کی تیّاری سے میں بہت تھک جاؤں گا۔ اس لیے امتحان کے بعد آرام کروں گا۔

سوال نمبر 4: سامنے کے صفحے پر دی گئی عبارت پڑھیے۔ پھر نیچے دیے گئے خاکے میں مناسب خانوں میں (☒) کا نشان لگا کر بتائیے کہ اُن سب کا چھٹیوں میں کہاں جانے کا ارادہ ہے؟

| | A<br>عادل | B<br>علی | C<br>فرح | D<br>راشدہ | E<br>سیما | F<br>کامران |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مثال: گھر پر رہنا | ☒ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (i) ہندوستان | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (ii) افریقہ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iii) چاند | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iv) امریکہ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (v) جاپان | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |

Leave blank

Q4

**(Total 5 marks)**



N 3 6 6 9 3 A 0 9 2 0

**Turn over**

Leave blank

# دوستی

سوال نمبر5: اس عبارت کو پڑھیے۔

میرا نام عذرا ہے اور ارم میری بہترین سہیلی ہے۔ہم پرائمری اسکول سے ایک ساتھ پڑھتے آئے ہیں۔ اب تو یہ دوستی اتنی پرانی ہوگئی ہے کہ ہمارے گھر والے بھی ایک دوسرے کے قریبی دوست بن گئے ہیں۔ ارم بہت ذہین اور محنتی ہے۔اپنا تمام کام وقت پر کرتی ہے اور اسکول کی تمام سرگرمیوں میں حصّہ لیتی ہے۔البتّہ اُس کی یہ عادت مجھے پسند نہیں کہ اسے غصّہ بہت جلدی آجاتا ہے اور وہ ذرا سی بات پر لڑنے مرنے پر تیار ہوجاتی ہے۔

کئی لڑکیاں تو اُس سے ڈرتی بھی ہیں کہ نہ جانے کب اور کہاں وہ ناراض ہوجائے۔صرف میں ہی ہوں جو اُس کے غصّے کو قابو میں کرسکتی ہوں کیونکہ وہ میری بات نہ صرف سنتی ہے بلکہ مانتی بھی ہے۔ہم دونوں کا ارادہ نرس بننے کا ہے۔اسی لیے میں اُسے کہتی رہتی ہوں کہ اچھی نرسیں کبھی غصّہ نہیں کرتیں۔

Leave blank

سوال نمبر5: سامنے کے صفحے کو پڑھ کر نیچے دیے گئے خانہ 'الف' کے جملوں کو خانہ 'ب' کے درست حصّوں سے ملا کر جملے مکمل کیجیے۔

| الف | ب |
|---|---|
| (i) عذرا اور ارم بہت | A بھی گہری دوستی ہو گئی ہے ۔ |
| (ii) اُن دونوں کا ساتھ | B بننا چاہتی ہیں ۔ |
| (iii) اُن کے خاندان میں | C کے غصّے کو ختم کر سکتی ہے ۔ |
| (iv) ارم کو معمولی سی | D اچھی دوست ہیں ۔ |
| (v) صرف عذرا ہی اُس | E بات پر غصّہ آ جاتا ہے ۔ |
| (vi) وہ دونوں نرس | F بچپن سے ہے ۔ |

| | |
|---|---|
| مثال: (i) | D |
| (ii) | |
| (iii) | |
| (iv) | |
| (v) | |
| (vi) | |

Q5

**(Total 5 marks)**



N36693A01120

**Turn over**

Leave blank

# حادثے

سوال نمبر 6: اس عبارت کو پڑھیے۔

آج کل گاڑیوں ، ریلوں اور جہازوں کے حادثے عام ہو گئے ہیں۔لوگوں کا کہنا ہے کہ ایسے حادثوں میں زخمی ہونے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہےلیکن ڈاکٹروں کا خیال اس سے مختلف ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ گھروں میں ہونے والے حادثوں میں سب سے زیادہ لوگ زخمی ہوتے ہیں۔استری کرنا ، سبزیاں کاٹنا ،کھانا پکانا اور صفائی کرنا روزمرّہ کے گھریلو کام ہیں لیکن ہزاروں لوگ یہی معمولی کام کرتے ہوئے زخمی ہو جاتے ہیں۔دھیان سے نہ چلنا یا سیڑھیوں پر تیزی سے اُترنا بھی حادثے کی وجہ بن جاتا ہے۔پچھلے دِنوں فُٹ بال کا مشہور کھلاڑی اپنے گھر کے اندر شیشے کی میز پر گر کر سخت زخمی ہو گیا۔جس کی وجہ سے اُسے زندگی میں پہلی مرتبہ ہسپتال جانا پڑا۔



N 3 6 6 9 3 A 0 1 2 2 0

Leave blank

سوال نمبر 6: سامنے کے صفحے کی عبارت پڑھ کر مندرجہ ذیل جملے دیے گئے الفاظ کی مدد سے مکمل کیجیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| چڑھنا | زیادہ | باہر | پہلی | غلط | آخری |
| اندر | وجہ | صحیح | اترنا | سبب | |

مثال: لوگوں کا خیال ہے کہ گھر سے باہر حادثے ......زیادہ...... ہوتے ہیں۔

(i) ڈاکٹروں کے مطابق یہ کہنا ...................................................... ہے۔

(ii) گھر کے ...................................................... چوٹ لگنے کا امکان زیادہ ہے ۔

(iii) سیڑھیوں سے...................................................... بھی خطرناک ہوسکتا ہے۔

(iv) عام فرنیچر بھی حادثے کی ...................................................... بن سکتا ہے۔

(v) اُسے ...................................................... بار ہسپتال جانے کی ضرورت پڑی۔

Q6

**(Total 5 marks)**

Leave blank

# بالیؤ وڈ کے تین خان

سوال نمبر 7:

فلمی دنیا کے تین خانوں سے کون واقف نہیں۔ بالیؤ وڈ کی اکثر فلموں کی کامیابی کا راز اُن تینوں کی اداکاری میں ہے۔ یہ فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ شاہ رخ خان، عامر خان اور سلمان خان میں سے کون زیادہ مقبول ہے۔ یہ تینوں اب جوان نہیں رہے پھر بھی اُن سے آدھی عمر کی اداکارائیں اُن کے ساتھ کام کرنے کے لیے بے قرار رہتی ہیں۔ اِن تینوں میں سے کسی ایک کا نام فلم کی کامیابی کے لیے کافی ہے۔

یوں تو ان تینوں نے ہر قسم کی فلموں میں کام کیا ہے لیکن عامر خان پچھلے کئی سالوں سے ایسی فلمیں بنا رہے ہیں جن کی کہانیاں عام فلموں سے مختلف ہیں اور اُن کا کوئی مقصد ہوتا ہے۔ شاہ رخ خان نے زیادہ تر ایسی فلموں میں کام کیا ہے جہاں وہ ایک بے پرواہ اور شریر نوجوان کے طور پر آئے ہیں۔ جبکہ سلمان خان کا معاملہ ان دونوں سے مختلف ہے۔ اُنہوں نے ہر طرح کے کردار کیے ہیں۔ اس لیے یہ کہنا مشکل ہے کہ وہ کون سا کردار بہتر کر سکتے ہیں۔

Leave blank

سوال نمبر 7: سامنے کے صفحے کو پڑھ کر مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب **اردو** میں لکھیے۔

(a) بالی وُوڈ کن اداکاروں کی وجہ سے مشہور ہے ؟ کوئی دو نام لکھیے۔

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................
**(2)**

(b) کون سی اداکارائیں ان تینوں کے ساتھ کام کرنا چاہتی ہیں اور کیوں؟

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................
**(2)**

(c) عامر کی نئی فلموں کی خاص باتیں کیا ہیں ؟

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................
**(2)**

(d) شاہ رُخ نے زیادہ تر کس قسم کے کردار ادا کیے ہیں ؟

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................
**(2)**

(e) سلمان خان کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................
**(2)**

**Q7**

**(Total 10 marks)**

Leave blank

# کام کا تجربہ

سوال نمبر 8: اس عبارت کو پڑھیے۔

عام طور پر دسویں سال کے طلباء کو کہیں نہ کہیں کام کے تجربے کے لیے بھیجا جاتا ہے۔ اس کا مقصد اُنہیں کام کی دنیا اور اپنی ذمہ داریوں سے واقف کرانا ہوتا ہے۔ کام کے تجربے سے نوجوانوں کو پتہ چلتا ہے کہ اُنہیں کام کیسے اور کس طرح کرنا ہوگا۔ وقت پر پہنچنا ہوگا کیونکہ دیر سے پہنچنے پر وہ پورا کام نہیں کر سکیں گے۔ کام کے لحاظ سے لباس پہننا ہوگا۔ کام کے اوقات کی پابندی کرنی ہوگی۔ چائے یا کھانے کے مقررہ وقت کا خیال رکھنا ہوگا اور بلا وجہ باتوں میں وقت ضائع کرنے سے بچنا ہوگا۔

طلباء کو کام کے تجربے کے دوران کوئی پیسے نہیں ملتے لیکن یہ تجربہ اُنہیں یہ فیصلہ کرنے میں مدد دیتا ہے کہ ان کے لیے اس طرح کا کام ٹھیک ہوگا یا نہیں۔ وہ یہ بھی جان جاتے ہیں کہ کوئی بھی ایسے لوگوں کو کام پر نہیں رکھتا جو کام تو پورا نہ کریں لیکن پوری تنخواہ ملنے کی امید رکھیں۔



N 3 6 6 9 3 A 0 1 6 2 0

Answer these questions **in English.**

**8.** Read the passage on the opposite page and answer the following questions.

(a) Which year do students go out for work experience?

..........................................................................................................................

**(1)**

(b) What is the purpose of this exercise? Give **two** details.

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................

**(2)**

(c) Why should they be punctual? Give **two** reasons.

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................

**(2)**

(d) What is mentioned about clothes?

..........................................................................................................................

**(1)**

(e) What is mentioned about timekeeping? Give **two** details.

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................

**(2)**

(f) What else do students learn from work experience?

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................

**(2)**

**Q8**

**(Total 10 marks)**

**TOTAL FOR PAPER: 50 MARKS**

**END**

**BLANK PAGE**

**BLANK PAGE**

**BLANK PAGE**